# 21-03-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاست بھر میں عیدالفطر عقیدت و احترام مذہبی جوش وخروش کے ساتھ منائی جارہی ہے۔ گورنر شیو پرتاپ شکلا و وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے عیدالفطر کی مبارکباد دی۔

۲۔ مرکزی وزیر بنڈی سنجے کمار نے کہا ہے کہ غریب عوام پر علاج کا بوجھ کم کرنے کے لیے نریندر مودی کی حکومت آیوشمان بھارت کو نافذ کررہی ہے۔

۳۔ آدی سرینواس نے کہا ہے کہ ریاست کے ایک کروڑ 15 لاکھ خاندانوں کے لیے حکومت نے اندراماں خاندان زندگی بیمہ جیسی منفرد اسکیم کا اعلان کیا ہے

اور

۴۔ ریاست کے مختلف اضلاع میں آج گرج وچمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔ حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی۔

Ramdan

ریاست بھر میں عیدالفطر عقیدت و احترام مذہبی جوش وخروش کے ساتھ منائی جارہی ہے۔ گورنر شیو پرتاپ شکلا و وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے عیدالفطر کی مبارکباد دی۔ گورنر نے کہا کہ مقدس قرآن مجید کی تعلیمات سماج کو اچھے راستے پر چلاتے ہوئے اورانسانیت کو فلاح کے راستے پر گامزن کرتے ہیں جبکہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ مقدس ماہ رمضان مذہبی ہم آہنگی کی علامت ہے۔ ماہ رمضان میں کی جانے والی عبادتیں، روزے اور خیر وخیرات ایک مثالی ہیں جبکہ بی آر ایس کے صدر و سابق وزیر اعلیٰ کے سی آر نے بھی عوام کو عیدالفطر کی مبارکباد دی۔ شہر حیدرآباد میں تاریخی عیدگاہ میر عالم کے علاوہ ریاست بھر کے مختلف مقامات پر عیدالفطر کی نماز ادا کی گئی۔ میر عالم عیدگاہ کے اطراف

ٹرافک کی تحدیدات عائد کی گئی تھیں۔ بہادر پورہ، زوپارک، کالا پتھر، پرانا پل، شاستری پورم کی طرف جانے والی گاڑیوں کو متبادل راستوں کی طرف موڑ دیا گیا۔

CM-EDUCATION:

ریاست میں آئندہ تعلیمی سال سے پری پرائمری سے لے کر پلس ٹو تک نیا تعلیمی نظام نافذ کیا جائے گا، ریاست کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے اعلان کیا ہے۔ انہوں نے جمعہ کے روز حیدرآباد میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ دسویں جماعت کے بعد تعلیم چھوڑنے والے طلبہ کی تعداد میں اضافہ ہونے کے پیش نظر یہ تجویز پیش کی گئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تعلیمی کمیشن کی سفارشات پر عمل درآمد کا فیصلہ، کیشو راو کمیٹی کی عوامی رائے پر مبنی رپورٹ موصول ہونے کے بعد ہی کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ ملک کی کئی ریاستیں پہلے ہی اس نظام کو نافذ کر چکی ہیں۔ انہوں نے ہدایت دی کہ اسکول بسوں اور دیگر گاڑیوں کی لازمی فٹنس جانچ کی جائے جبکہ عوامی اور مال بردار گاڑیوں کے ڈرائیوروں کے لئے آنکھوں کا معائنہ بھی لازمی قرار دیا جائے۔ ساتھ ہی انہوں نے خبردار کیا کہ آؤٹر رنگ روڈ کی سروس سڑکوں پر ملبہ یا کچرا پھینکنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ پلس ٹو نظام کے نفاذ کے ساتھ دسویں جماعت کے امتحانات ختم کیے جانے کی خبروں کو تعلیمی کمیشن کی او ایس ڈی زینت نے بے بنیاد قرار دیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ کمیشن نے صرف انٹرمیڈیٹ کے پہلے سال کے امتحان کو ختم کرنے اور ایس ایس سی و انٹرمیڈیٹ بورڈس کے انضمام کی سفارش کی ہے۔

10th Grade

نظام آباد میں دسویں جماعت کے ہندی پرچے کے لیک ہونے کے واقعہ پر محکمہ اسکولی تعلیم نے اہم فیصلہ کیا ہے۔ امتحانی مراکز میں انوجیلیٹرز کے موبائل فون لے جانے پر پابندی عائد کر دی گئی

ہے۔محکمہ نے بتایا کہ اگر چہ موبائل فون بند ہو،تب بھی اسے شناخت کرنے کے لیے نیا ٹریکنگ نظام نافذ کیا گیا ہے۔حکام نے خبردار کیا ہے کہ قواعد کی خلاف ورزی کرنے والوں کو ملازمت سے مستقل طور پر برطرف کر دیا جائے گا۔کیوآر کوڈ ہونے کے باوجود سوالیہ پرچہ کے لیک ہونے کے پیش نظر محکمہ تعلیم نے نگرانی اور تفتیش کو مزید سخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے

PM's Visit

وزیراعظم نریندر مودی اپریل کے دوسرے ہفتہ میں تلنگانہ کا دورہ کریں گے۔اس دورے کے دوران وہ ایمز بی بی نگر کے افتتاح سمیت کئی ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کریں گے۔اسی موقع پر بھارتیہ جنتا پارٹی کی ریاستی شاخ سکندرآباد پریڈ گراؤنڈ میں ایک بڑی عوامی ریلی منعقد کرنے کی تیاری کر رہی ہے۔یہ جلسہ آئندہ جی ایچ ایم سی انتخابات کے پیش نظر منعقد کیا جا رہا ہے۔

HARISH RAO

سابق ریاستی وزیر ٹی ہریش راؤ نے کہا کہ سدی پیٹ کے دورہ پر آنے والے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کو ایک کھلا خط لکھا ہے۔انہوں نے الزام لگایا کہ نرمیٹا میں آئل پام فیکٹری کے کام ان کی حکومت کے دور میں ہی مکمل ہو چکے تھے، اور اب اس فیکٹری کا افتتاح ریونت ریڈی کی جانب سے کرنا افسوسناک ہے۔ ہریش راؤ نے کہا کہ ان کی حکومت نے دور اندیشی کے ساتھ سدی پیٹ ضلع کے نرمیٹا میں آئل پام فیکٹری کے لیے تمام سہولیات فراہم کی تھیں۔انہوں نے مزید کہا کہ آیوش اسپتال بھی بی آر ایس حکومت کے دور میں قائم کئے گئے تھے۔ ہریش راؤ نے الزام عائد کیا کہ اب تک تین فصلوں کے لئے رعیّتو بندھو اسکیم کے تحت امداد فراہم نہیں کی گئی، اور فوری طور پر بقایا جات ادا کرنے کا مطالبہ کیا۔ساتھ ہی انہوں نے ریاستی حکومت سے کسانوں کے قرضوں کی معافی کو فوری طور پر نافذ کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔

MUSI-CM

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ موسی ندی کی صفائی اور ترقی کے منصوبے پر حکومت آگے بڑھے گی، اور اس عمل کے دوران متاثر ہونے والے افراد کے ساتھ انصاف کیا جائے گا۔انہوں نے بتایا کہ گنڈی پیٹ سے لنگر ہاؤس تک ندی کے دونوں کناروں پر 50 میٹر کی حد مقرر کی گئی ہے، جبکہ ہمایت ساگر سے لنگر ہاؤس تک 130 میٹر کی حدود طے کی گئی ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ڈی پی آر مکمل ہوتے ہی اسے مرکزی حکومت کو پیش کیا جائے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ انتخابات سے قبل کئے گئے وعدوں کو ترجیحی بنیادوں پر نافذ کیا جارہا ہے۔انہوں نے یہ بھی اعلان کیا کہ ریاست کے ایک کروڑ 15 لاکھ راشن کارڈ ہولڈرز کو اندراماں خاندان بیمہ اسکیم کے تحت شامل کیا جائے گا۔

Ponguleti

ریاستی وزیر سرینواس ریڈی نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ قدرتی آفات کا بروقت اور موثر انداز میں مقابلہ کرنے کے لیے بین الاقوامی معیار کے مطابق اسٹیٹ انسٹیٹیوٹ آف ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے قیام کی تجاویز تیار کی جائیں۔انہوں نے جائزہ اجلاس کے دوران کہا کہ ہنگامی حالات میں تیز رفتار ردعمل کے لیے تمام محکموں کو باہمی تال میل کے ساتھ کام کرنا چاہئے اور اس کے لئے یکساں تربیت نہایت ضروری ہے۔

Aadi Srinivas

آدی سرینواس نے کہا ہے کہ ریاست کے ایک کروڑ 15 لاکھ خاندانوں کے لیے حکومت نے اندراماں خاندان زندگی بیمہ جیسی منفرد اسکیم کا اعلان کیا ہے، جو ملک میں کہیں اور موجود نہیں۔انہوں نے کہا کہ ریونت ریڈی کی قیادت میں عوامی حکومت غریب عوام کی فلاح و بہبود کے لیے مسلسل کام کر رہی ہے۔آدی سرینواس نے بتایا کہ راشن کارڈ رکھنے والے ہر فرد کو حکومت کی جانب سے

باریک چاول فراہم کیئے جا رہے ہیں۔اس کے علاوہ سرکاری ملازمین اور پنشنرس کے لیے خصوصی بیمہ سہولت متعارف کرانے پرانہوں نے خوشی کا اظہار کیا۔

Bandi Sanjay

مرکزی وزیر بنڈی سنجے کمار نے کہا ہے کہ غریب عوام پر علاج کا بوجھ کم کرنے کے لیے نریندر مودی کی حکومت آیوشمان بھارت کو نافذ کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ اسی مقصد کے تحت اس اسکیم کو عوام کے لیے دستیاب بنایا گیا ہے۔آج کریم نگر میں مرکزی وزیر نے پردھان منتری جن اوشدھی کیندر کا افتتاح کیا۔بنڈی سنجے نے بتایا کہ ان مراکز کے ذریعے کم قیمت پر معیاری جنرک ادویات عوام کو فراہم کی جارہی ہیں۔

CP Sajjanar

سی پی سجنار نے نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اسمارٹ فون کے ذریعہ رابطہ کرنے والے اجنبی افراد کے بارے میں محتاط رہیں۔انہوں نے خبردار کیا کہ کچھ سائبر جرائم پیشہ افراد خوبصورت تصاویر کے ساتھ جعلی اکاؤنٹس بناتے ہیں اور ذاتی تصاویر کے ذریعہ بلیک میلنگ کی کوشش کرتے ہیں، اس لیے ایسے خطرات سے ہوشیار رہنا ضروری ہے۔سجنار نے کہا کہ ایسے مظالم سے خوفزدہ نہ ہوں، بلکہ حوصلہ مند ہوکر ڈائل 100 پر کال کریں اور تفصیلات فراہم کریں۔انہوں نے والدین سے بھی کہا کہ وہ بچوں کی آن لائن سرگرمیوں پر مستقل نگرانی رکھیں۔انہوں نے مزید کہا کہ چاہے مجرم کسی بھی تکنیکی ہنر کا استعمال کرے، قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے گی۔

Ramachandra Rao

بی جے پی ریاستی صدر این رام چندر راو نے آج گریٹر حیدرآباد میں بی جے پی کے 9 اضلاع کے ڈویژن صدران اور اہم رہنماؤں کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔اجلاس میں آئندہ انتخابات کے

پیش نظر انتخابی تیاری، تنظیمی ہم آہنگی، پارٹی کی مضبوطی اور مرکزی حکومت کی پالیسیوں کو عوام تک مؤثر انداز میں پہنچانے کے لیے حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر مرکزی وزیر کشن ریڈی اور رکن پارلیمنٹ کے لکشمن اور رگھونندراو بھی موجود تھے۔

Land Acquisition for Elevated Corridor

حیدرآباد میں پیراڈائز سے ڈیری فارم تک مجوزہ ایلیویٹیڈ کوریڈور اراضی کے حصول کا عمل تیز رفتار ہوا ہے، ضلع کے ریونیو آفیسر ای وینکٹا چاری نے یہ بات بتائی۔انہوں نے اراضی سے متعلق معاوضہ کے سلسلے میں زمین کے مالکان کی رائے اور اعتراضات کو مدنظر رکھنے کی یقین دہانی کروائی۔یہ بیان زمین کے مالکان کے ساتھ منعقدہ اجلاس کے دوران دیا گیا۔

PM-IRAN PREZ

وزیراعظم نریندرمودی نے آج ایران کے صدرڈاکٹر مسعود پزیشکیان سے ٹیلیفون پر بات چیت کی اور عید اور نوروز کی مبارکباد پیش کی۔دونوں رہنماؤں نے امید ظاہر کی کہ یہ تہوار مغربی ایشیا میں امن، استحکام اور خوشحالی لائے گا۔سوشل میڈیا پر وزیراعظم مودی نے خطہ میں اہم بنیادی ڈھانچے پر ہونے والے حملوں کی مذمت کی، جو علاقائی استحکام کو خطرے میں ڈالتے ہیں اور عالمی سپلائی چین میں رکاوٹ پیدا کرتے ہیں۔انہوں نے آزادانہ بحری راستوں کی حفاظت اور شپنگ لینز کو محفوظ اور کھلا رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔وزیراعظم مودی نے ایران میں بھارتی شہریوں کی حفاظت اور سلامتی کے لیے ایران کی مسلسل حمایت کی ستائش کی۔

Weather

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی کہ یاست کے مختلف اضلاع میں آج گرج وچمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔رنگاریڈی، سوریہ پیٹ، یادادری بھونگیر، بھدرادری کوتہ گوڑم،

کھمم، ناگر کرنول اضلاع کیلئے آرینج الرٹ جاری کیا ہے اور فی گھنٹہ 40 تا60 کلومیٹر کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کی بھی پیش قیاسی کی گئی ہے۔

Chandrababu

آندھراپردیش کے وزیراعلیٰ چندرابابونائیڈو نے تروملا میں غذائی معیار کے اشیاء کی جانچ کے مرکز کا افتتاح کیا۔اس مرکز میں پانی، غذااور دیگراشیاء کی معیار کی جانچ کی جائے گی۔12 ہزار مربع گز اراضی پر مرکزی حکومت کے فنڈ کے ذریعہ 9 مہینوں میں اس لیبار یٹری کے کام کو مکمل کیا گیا۔